Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 09 October-2026

Time: 09:00-09:10 am

آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۹/اکتوبر ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے مرکزی حکومت کے خصوصی وفد کی ریاست میں آمد؛ انتظامیہ کی جانب سے تفصیلات پیش۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور بیڑ اضلاع میں قحط سے متاثرہ دیہاتوں میں آج مرکزی وفد کرے گا معائنہ۔

☆ خشک سالی کا شکار 265 تعلقہ جات میں ہر ضرورتمند کو مفت اناج فراہم کرنے کی ریاستی حکومت کی ہدایت۔

☆ ڈرافٹ ووٹر لسٹ میں شمولیت سے محروم رائے دہندگان کیلئے کل سنیچر اور اتوار کو خصوصی رجسٹریشن کیمپوں کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ نیشنل کوالٹی ایشورنس پروگرام میں دھاراشیو ضلع کو ریاست بھر میں سرفہرست مقام۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے...

مرکزی حکومت کا بین وزارتی وفد خشک سالی کی صورتحال اور فصلوں کے نقصان کا معائنہ کرنے کل مہاراشٹر پہنچا۔ ریاستی حکومت نے کل ممبئی میں وفد کے سامنے خشک سالی کی صورتحال کی تفصیلات پیشکش کیں۔ مرکزی وفد کی توجہ پانی کی قلت، ٹینکرس کی ضرورت، زرعی مزدوروں اور زمینداروں کے مسائل، مزدوروں کی نقل مکانی کا امکان جیسے مسائل کی طرف مبذول کرائی گئی۔ وفد کے نقصانات کے راست معائنے کا آج سے آغاز ہورہا ہے اور یہ وفد مراٹھواڑہ کے چھترپتی سمبھاجی نگر، جالنہ اور بیڑ اضلاع کے دیہاتوں کا دورہ کر کے حالات کا جائزہ لے گا۔

ڈویژنل کمشنر جی شری کانت نے کل چھترپتی سمبھاجی نگر پہنچنے والے وفد کو خشک سالی سے متعلق ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا۔ اس موقعے پر بارش کا تناسب، بارشوں کے درمیان وقفہ، خریف کی فصلوں کی حالت، فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات، پینے کے پانی کی دستیابی، آبی منصوبوں میں پانی کا ذخیرہ، چارہ اور سیٹلائٹ کی بنیاد پر فصلوں کی حالت سے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔

فی الحال ڈویژن کے منصوبوں میں پانی کا صرف 30 اعشاریہ سات فیصد ذخیرہ موجود ہے اور آئندہ سال اگست تک پینے کا پانی مختص رکھنا ضروری ہے، اس لیے ربیع ہنگام کی بوائی بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ اطلاعات کے مطابق جالنہ، دھاراشیو اور لاتور اضلاع میں زیر زمین پانی کی سطح پچھلے پانچ سالوں کی اوسط کے مقابلے چار سے پانچ میٹر نیچے چلی گئی ہے۔

مرکزی وفد کے سربراہ مکتا نند اگروال نے کہا ہے کہ ریاست سے موصولہ معلومات کی تصدیق کرنے کے بعد اس کی بنیاد پر رپورٹ مرکزی حکومت کو پیش کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے قحط زدہ قرار دیے جانے والے 265 تعلقہ جات میں مطالبہ کرنے والے ہر شہری کو مفت اناج فراہم کرنے کے احکامات دیئے ہیں۔اس کے ذریعے قومی غذائی تحفظ اسکیم کے فوائد سے محروم شہری بھی مستفید ہوسکیں گے۔ساتھ ہی حکومت نے راشن کارڈ یافتہ اور متعلقہ مقام سے نقل مکانی کرنے والے خاندانوں کو بھی اناج فراہم کرنے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کی رکن ڈاکٹر نیلم گورہے نے انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ فوری طور پر چارے کی ضرورت والے دیہاتوں کا معائنہ کریں اور 12 تاریخ تک خود دیہاتوں میں ضرورت مند کسانوں کے جانوروں کیلئے چارہ فراہم کریں۔وہ لاتور ضلع کے اُودگیر تعلقے کے کرَڑکھیل، ڈِگرس اور ستالہ میں خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد مخاطب تھیں۔انہوں نے 25 ستمبر کو خشک سالی کے اقدامات سے متعلق سرکاری فیصلہ جاری ہونے کے بعد بھی شدید قحط سے متاثرہ علاقوں میں ضروری معائنہ نہ کرنے پر ناراضگی کا بھی اظہار کیا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹ نے خشک سالی کے پیشِ نظر قلت سے نمٹنے کے کاموں کو ترجیح دینے کی ہدایات دی ہیں۔وہ گزشتہ روز ضلع مانیٹرنگ کمیٹی کے اجلاس سے مخاطب تھے۔انھوں نے بتایا کہ ان کی کوشش ہے کہ کسانوں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔لہٰذا' کاشتکاروں کی مشکلات کو دور کرنے کیلئے CSR فنڈ سے امداد فراہم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے کل رابطہ وزیر پنکجا منڈے کی سربراہی میں ایک اجلاس منعقد ہوا۔ضلع کے 954 دیہاتوں میں خشک سالی جیسی صورتحال ہے اور اب تک تقریباً 60 فیصد دیہاتوں میں پنچنامے مکمل کیے جاچکے ہیں۔منڈے نے ہدایت دی کہ بقیہ پنچناموں کو ایک ہفتے کے اندر مکمل کرکے رپورٹ حکومت کو ارسال کی جائے تاکہ دیوالی کے تہوار سے قبل کسانوں کو مدد فراہم کی جاسکے۔

***** ***** *****

لاتور ضلع میں پانی اور چارے کی قلت کے پیشِ نظر ضلع کلکٹر ڈاکٹر بھارت باسٹیواڑ نے پانی کے بے جا اسراف کو روکنے کیلئے فوری اقدامات کرنے کی ہدایات دی ہیں۔انھوں نے مانجرا پشتے میں پانی کی چوری اور مختلف آبی منصوبوں میں غیر قانونی پانی کی نکاسی کی روک تھام کیلئے سخت کارروائی کرنے کے احکامات بھی دیئے۔

ضلع کلکٹر ویویک جانسن کی صدارت میں کل بیڑ میں بلدیہ جات کے اعلیٰ افسران کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔اس موقعے پر پانی کی قلت سے متاثرہ علاقوں میں بلاڑ کاوٹ پانی کی فراہمی کیلئے ضروری فنڈز کی تجاویز فوری طور پر ضلع منصوبہ بندی کمیٹی کو پیش کرنے کی ہدایات دی گئیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اشیاء اور خدمات ٹیکس (جی ایس ٹی کونسل) نے ٹیکس اہلکاروں کو گرفتار کرنے کے اختیارات ختم کردیے ہیں۔اس کا اعلان وزیرِ مالیات نرملا سیتا رمن نے کل نئی دہلی میں جی ایس ٹی کونسل کے اجلاس کے بعد کیا۔انہوں نے بتایا کہ 90 فیصد اہل ٹیکس دہندگان کو تین کام کے دنوں میں ٹیکس ریفنڈ دیا جائے گا۔کونسل نے مقدمہ چلانے کی صورت میں مالی حد ایک کروڑ روپے سے بڑھا کر پانچ کروڑ روپے کرنے کا فیصلہ بھی لیا ہے۔سیتا رمن نے مزید بتایا کہ ٹیکس ریٹرن میں غلطیوں پر سود اور جرمانہ وصول کیے بغیر کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سالہ سفر میں ''عوام کی خدمت سے ملک کی خدمت'' بنیادی نکتہ ہے، اور حکومت خدمت اور بہتر طرزِ حکمرانی کے نقطہ نظر سے 2047 تک ترقی یافتہ بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ ان اقدامات کے ذریعے سماج کو با اختیار بنا کر شہریوں کی زندگیوں میں مثبت تبدیلیاں لانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ خلائی ترقی کیلئے اِن اسپیس انسٹیٹیوٹ کا قیام اسی عمل کا ایک حصہ ہے۔

ملک کے خلائی شعبے میں نجی شعبے کی شراکت کو بڑھانے کے مقصد سے مرکزی حکومت نے 24 جون 2020 کو خلائی شعبے میں جامع اصلاحات کو منظوری دی تھی۔ ان اصلاحات نے خلائی تحقیق، پیداوار اور خدمات میں نجی صنعتوں اور اسٹارٹ اپس کی شرکت کی راہ ہموار کی۔ ان اصلاحات کے تحت انڈین نیشنل اسپیس پروموشن اینڈ اتھارٹی سینٹر ارتھ اِن اسپیس انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا تھا۔ خانگی کمپنیوں کو بھارت کی خلائی بنیادی سہولیات کا استعمال کرنے کیلئے مراعات، رہنمائی اور ضروری اجازت فراہم کرنے کی ذمہ داری IN-SPACE کو سونپی گئی تھی۔ وزیرِاعظم نریندر مودی نے خلائی شعبے کی ترقیات کی ستائش کرتے ہوئے کہا تھا:

Byte: Prime Minister Narendra Modi

ان اصلاحات نے ملک کے خلائی شعبے میں عوامی و خانگی شراکت داری کو ادارہ جاتی شکل دی ہے، جس سے ملک کی خلائی معیشت کی توسیع کیلئے نئی راہیں ہموار ہوئی ہیں۔

***** ***** *****

فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظرِ ثانی کے دوران جن ووٹرز کا نام ڈرافٹ ووٹر لسٹ میں نہیں ہے ان کیلئے کل سنیچر اور پرسوں اتوار کو رائے دہی مراکز پر خصوصی ووٹر رجسٹریشن کیمپ رکھے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ ووٹر رجسٹریشن افسران، معاون رجسٹریشن افسران اور بی ایل او کے پاس بھی 12 اکتوبر سے پہلے رجسٹریشن سے متعلق درخواستیں جمع کرائی جا سکتی ہیں۔ ساتھ ہی رائے دہندگان متعلقہ ویب سائٹ voters.eci.gov.in اور ECI - NET ایپ پر بھی درخواست فارم پُر کر سکتے ہیں۔ ریاست کے تمام کالجوں اور یونیورسٹیز میں نوجوان رائے دہندگان کے بڑی تعداد میں اندراج کیلئے خصوصی کیمپ منعقد کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

بزرگ فلم اداکار اور سماجی کارکن نانا پاٹیکر کے جسدِ خاکی پر کل پونے میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ آخری رسومات ادا کر دی گئیں۔ اس موقعے پر نائب وزرائے اعلیٰ ایکناتھ شندے، سنیترا پوار، مرکزی وزیرِ مملکت مرلی دھر موہوڑ سمیت کئی وزراء، سیاسی جماعتوں کے قائدین اور شائقین و مداح بڑی تعداد میں موجود تھے۔ نانا پاٹیکر کے جسدِ خاکی کو ہوائی جہاز کے ذریعے پونے لایا گیا تھا' جہاں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے ان کا آخری دیدار کیا۔ پاٹیکر کا کل صبح دل کا دورہ پڑنے سے گوا میں انتقال ہوا تھا، وہ 75 برس کے تھے۔

***** ***** *****

نیشنل کوالٹی ایشورنس پروگرام میں دھاراشیو ضلعے نے ریاست میں سرفہرست مقام حاصل کیا ہے۔ ضلعے میں 78 آیوشمان ذیلی صحت مراکز اور 23 ابتدائی طبّی مراکز سمیت کل 101 صحت اداروں کا ریاستی اور قومی سطح کے وفد نے جائزہ لیکر قومی سطح کا سرٹیفکیٹ تفویض کیا۔ دھاراشیو ریاست کا واحد ضلع ہے جس نے اس طرح کی بہترین کارکردگی انجام دی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

اورآخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...

☆ خشک سالی کی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے مرکزی حکومت کے خصوصی وفد کی ریاست میں آمد؛ انتظامیہ کی جانب سے تفصیلات پیش۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر، جالنہ اور بیڑ اضلاع میں قحط سے متاثرہ دیہاتوں میں آج مرکزی وفد کرے گا معائنہ۔

☆ خشک سالی کا شکار 265 تعلقہ جات میں ہر ضرورتمند کو مفت اناج فراہم کرنے کی ریاستی حکومت کی ہدایت۔

☆ ڈرافٹ ووٹر لسٹ میں شمولیت سے محروم رائے دہندگان کیلئے کل، سنیچر اور اتوار کو خصوصی رجسٹریشن کیمپوں کا انعقاد۔

اور...☆ نیشنل کوالٹی ایشورنس پروگرام میں دھاراشیو ضلعے کو ریاست بھر میں سرفہرست مقام۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****